© rasailojaraid.com



الحاج عبدالکریم صابر
ڈیرہ اسمٰعیل خان

# وجدانیات

بنی ہاشم ، بنی ہاشم کی اولاد
بہر اندازہ ہوں سب شاد و آباد

ہیں سیّد ہاشمی سیّد بُخاری
تعالی اللہ عجب ہے بُردباری

عطاء اللہؒ عطائے حق تعالیٰ
خطیبِ اعظم و رہبر نرالا

عطاء منعم بھی اک انعامِ حق ہے
عجب دہرایا والدؒ کا سبق ہے

عطاء محسن کو ہے وہ لحنِ داؤد
کہ والدؒ کا اثر جس میں ہے موجود

عطاء مومن کو ہے مومن کی فطرت
ہر اک خوبی ہوئی جس کو ودیعت

عطاء بھی ہے مھیمن ثم مدنی
جو ہر اوصاف میں ہے دُرِّ عدنی

ہیں چاروں حافظ و فاضلِ مدبّر
خلیق و مخلص و بے حد مفکّر

یہ چاروں پیکرِ صدق و صفا ہیں
عظیم المرتبت ہیں باخدا ہیں

اگرچہ ہاشم کے ہوتے حرف ہیں چار
برادر چار یہ بھی ہیں مرے یار

سدا صابر رہیں چاروں سلامت
سلامت باکرامت تا قیامت

© rasailojaraid.com